فوری ریلیز کے لیے: 2025/5/14 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے آرٹس اور ثقافت کی بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں کو کیپٹل فنڈنگ کی مد میں تقریباً $86 ملین سے زائد رقم دینے کا اعلان کر دیا

پوری ریاست میں 134 منصوبوں کو آرٹس کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے فنڈز دیے گئے ہیں

اس نئی سرمایہ کاری سے مقامی معیشتوں کو فروغ ملے گا، فنون و ثقافت تک رسائی بڑھے گی، اور نئی ملازمتوں کی تخلیق میں مدد ملے گی

75% گرانٹس NYC سے باہر کی چھوٹی تنظیموں اور کمیونٹیز کو دی گئی ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس (New York State Council on the Arts, NYSCA) کے کیپٹل پراجیکٹس فنڈ (Capital Projects Fund) کے ذریعے ریاست کے ہر خطے میں 134 منصوبوں کی مدد و معاونت کے لیے $86 ملین کی رقم دی گئی ہے۔ پورے نیو یارک میں بغیر منافع کام کرنے والی آرٹس اور ثقافت کی تنظیموں پر یہ سرمایہ کاری عمارتوں کی انتہائی ضروری مرمت اور تزئین و آرائش کروانے، ان تک رسائی بہتر بنانے، اور تخلیقی کاموں کے لئے نئے مقامات بنوانے میں مدد و معاونت کرے گی۔ نیو یارک سٹی سے باہر کی تنظیموں نے 75 فیصد ایوارڈز حاصل کیے، جبکہ 75 فیصد ایوارڈز ان تنظیموں کو دیے گئے جن کے بجٹ $3 ملین سے کم ہیں۔

"فن و ثقافت کا ہمارا شعبہ ایک ایسا پاور ہاؤس ہے جو دنیا کو جدت اور تخلیقی صلاحیتوں سے محرکات دیتا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اپنے عجائب گھروں، اپنے تھیٹروں اور فنون کے اپنے مراکز میں سرمایہ کاری کر کے ہم دراصل اپنی کمیونٹیز کو فروغ دے رہے ہیں، مقامی معیشتوں کو مضبوط کر رہے ہیں، اور اپنی پوری ریاست میں سیاحت میں بہتری لا رہے ہیں۔"

NYSCA کے Capital Projects for Arts and Culture ایسی اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں ہیں جو تنظیموں کو اپنی کمیونٹیز کی بہتر خدمت کرنے اور انہیں مشغول رکھنے کے لیے بااختیار بناتے ہیں۔ یہ سرمایہ کاریاں فنون اور ثقافت کے مراکز کو زیادہ قابل رسائی اور پائیدار بننے کی استعداد دیتی ہیں، تنظیموں کی اپنے سامعین و ناظرین سے رابطے قائم کرنے کی صلاحیتیں بڑھاتی ہیں، اور انہیں رہائشیوں اور سیاحوں دونوں کے لیے یکساں طور پر سیر و تفریح کی لازمی منازل بناتی ہیں۔ ان جیسے طاقتور منصوبے باخبر فیصلوں کے ساتھ ڈیزائن میں وہ عمدگی اور تنوع پیدا کرتے ہیں جس سے وہ نیویارک کے فنون اور ثقافتی شعبے کی خدمت بھی کریں اور انہیں مضبوط بھی بنائیں، مقامی معیشتوں کو متحرک کریں، ہماری کمیونٹیز میں سرمایہ کاریوں کو فروغ دیں، اور ہماری ثقافتی تنظیموں کی فعال کردار کو یقینی بنانے میں مدد کریں۔

NYSCA کے آج اعلان کردہ ایوارڈز میں گرانٹس کے تین زمرے شامل ہیں: چھوٹے اور درمیانے درجے کی کیپٹل امپرووومنٹ گرانٹس (Small and Midsized Capital Improvement Grants) جن کی حد $10,000 سے $2,000,000 تک ہے؛ بڑی کیپٹل امپرووومنٹ گرانٹس (Large Capital Improvement Grants) جو $2 ملین سے $10 ملین تک ہوتی ہیں اور بڑے پیمانے والے ایسے سرمایہ کاری منصوبوں پر توجہ مرکوز کرتی ہیں جن میں

کمیونٹی کی ترقی اور جگہ سازی کو ترجیح دی جا رہی ہو؛ اور کیپٹل ڈیزائن گرانٹس (Capital Design Grants) جو ایک نیا موقع ہے اور فنون و ثقافت سے متعلقہ غیر منفعتی اداروں کے لیے $50,000 سے $500,000 تک کے ایوارڈز کے ساتھ سرمایہ کاری کے منصوبوں کی پیشرفت کے لیے مڈ-سٹیج اور ایڈوانسڈ ڈیزائن دستاویزات کی تیاری میں مدد و معاونت کرتا ہے۔ اس سال، NYSCA نے درمیانی حجم کی غیر مشابہ گرانٹس کی حد بھی $99,000 تک بڑھا دی جس سے ان اہم ریاستی ڈالروں تک رسائی میں کافی بڑا اضافہ ہو گیا ہے۔

NYSCA کی فنڈنگ کئی اقسام کے منصوبوں کی معاونت کرے گی جن میں شامل ہیں:

<u>چھوٹے درجے کی کیپٹل امپرووومنٹ گرانٹس</u>

Upper Jay Art Center (شمالی ملک)
The Upper Jay Arts Center اپنے فرسودہ اور پرانے لائٹنگ سسٹم کو توانائی کی زیادہ بچت کرنے والے مؤثر اور لچکدار نظام سے بدلے گا، جس سے اس تنظیم کو حفاظت اور پائیداری بہتر بنانے اور اپنے فنی مشن کو بہتر طریقے سے انجام دینے میں مدد ملے گی۔

ریاست نیو یارک کی Old Tyme Fiddler's Association, Inc (وسطی نیو یارک)
اس منصوبے میں چھت بدلوائی جائے گی اور تنظیم کے پویلین میں دروازوں کے پینلز بہتر کیے جائیں گے، اور سہولتگاہ کے لیے پینے کے پانی کا ایک قابل اعتماد ذریعہ فراہم کرنے کے لیے ایک نیا کنواں بھی کھدوایا جائے گا۔ اس منصوبے سے شائقین اور مہمانوں کے لیے ایک پرکشش، آسان رسائی والی اور محفوظ جگہ میں پیش کی جانے والی تاریخی موسیقی سے لطف اندوز ہونے کا موقع فراہم ہو جائے گا۔

Stitch Buffalo (مغربی نیو یارک)
اس پروجیکٹ میں سائٹ کے ضروری اضافے بشمول ساؤنڈ پروفنگ اور مزید بہتر حفاظتی اقدامات شامل ہوں گے

<u>درمیانے درجے کی کیپٹل امپرووومنٹ گرانٹس</u>

Gateway Playhouse/Performing Arts Center کا سافک کاؤنٹی (لانگ آئی لینڈ)
The Gateway Playhouse اپنی لابی میں 3,525 مربع فٹ مزید جگہ کا اضافہ کرے گا، جس میں ایک نیا عظیم الشان داخلی دروازہ اور جگہ اور شائقین کو براہ راست پہنچانے والی بھی بنائی جائے گی اور اجتماعات کے لیے ایک بڑا اور کثیر المقاصد کمرہ بنایا جائے گا جس میں زیادہ جدید بار اور کنسیشن ایریا، باکس آفس، انتظامی دفتر کی جگہ، اور نیچے ایک تہہ خانہ سبھی شامل ہوں گے۔ ایک LULA ایلیویٹر کے ساتھ پوری سہولتگاہ میں آمد و رفت کو بہتر بنایا جائے گا۔ اس پروجیکٹ میں Gateway کی پارکنگ کی سہولیات کو مزید وسیع کیا جائے گا اور ساتھ ہی تزئین و آرائش اور شائقین کے واک ویز میں بہتریوں کے کام بھی شامل ہیں۔

Klinkhart Hall Arts Center, Inc. (موہاک ویلی)
اس منصوبے میں پہلی منزل کا تھیٹر مکمل کیا جائے گا جس میں اسٹیج کی توسیع، آرکسٹرا پٹ، بحال کردہ اصل سیٹیں، نئی لائٹنگ اور ساؤنڈ، فرش کو زیادہ ہموار بنانا، اور مکینیکل کاموں کے ساتھ ساتھ تہہ خانے میں واقع کلاس رومز کی تکمیل بھی شامل ہوگی۔

The Thomas Poole and Charles Scott Griesa Center Foundation - Veterans Repertory Theater (مڈ ہڈسن)
اس منصوبے میں بینک کی ایک تاریخی عمارت اور سابقہ چرچ کو پرفارمنس کے لیے ایسے پروفیشنل مین اسٹیج تھیٹر میں تبدیل کر دیا جائے گا جس میں خاص طور سے سابق فوجیوں کی فنکارانہ صلاحیتیں اجاگر کی جائیں گی جو امریکی پرفارمنگ آرٹس میں اپنی مہارت کا مظاہرہ کریں گے۔

<u>بڑے درجے کی کیپٹل امپرووومنٹ گرانٹس</u>

Afro-Latin Jazz Alliance of NY (نیو یارک سٹی)
ایسٹ ہارلم نیبر ہڈ پلان (East Harlem Neighborhood Plan) اور کمیونٹی ویژننگ رپورٹ (Community Visioning Report) سے محرکات حاصل کرنے والے اس منصوبے میں ایک آرٹس اور کلچرل سنٹر بنایا جائے گا جس میں نوجوانوں کو موسیقی کی تعلیم دی جائے گی، مقامی فنکاروں کی صلاحیتیں اجاگر کی جائیں گی، اور سیاحوں کو راغب کیا جائے گا؛ یہ منصوبہ نوجوانوں اور کمیونٹی کو افرادی قوت کی ترقی کے مواقع فراہم کرے گا؛ چھوٹے کاروباروں کی مدد و حمایت کرے گا، اور مقامی معیشتوں کو فروغ دے گا؛ اور اس میں پارک ایونیو (Park Avenue) کو تجارتی اور کمیونٹی کی وہ سہولیات استعمال کر کے فعال کیا جائے گا جو اس محلے کی خدمت کرتی ہیں۔

Genesee-Orleans Regional Arts Council (فنگر لیکس)
The GO Barn! Arts & Cultural Center اورلینز کاؤنٹی میں فنون، ثقافت، اور کمیونٹی مشغولیات کے لیے ایک متحرک مرکز کے طور پر کام کرنے کے لیے ڈیزائن کیا جانے والا ایک نیا تعمیراتی منصوبہ ہے، جس میں شامل ہیں: ایک کثیر المقاصد فنون و ثقافتی مرکز جو تاریخی ویلز بارن (Wells Barn) کے ڈیزائن سے محرکات لیتا ہے؛ فائبر آرٹس، ورکشاپس، اور دستکاری کے پروگراموں کے لیے مخصوص جگہ؛ اور ایک گرین ہاؤس جس میں کپڑوں کی چھپائی اور رنگنے کے فن کے لیے پودے اگائے جائیں گے۔

Goodwill Theatre, Inc. (جنوبی سلسلہ)
اس منصوبے میں 1899 کے فائر ہاؤس کے تہہ خانے اور پہلی، دوسری اور تیسری منزلوں کی مکمل مرمت اور تزئین و آرائش کی جائے گی تاکہ تعمیراتی ڈھانچے کو 2-اسٹیج والی پرفارمنس سہولتگاہ میں ڈھالا جائے، ناظرین و شائقین کے بیٹھنے کی گنجائش میں 400% اضافہ کیا جائے، اور ولیج جانسن سٹی (Village Johnson City) کی سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں ایک اندازے کے مطابق ہر سال 45,000 شائقین مزید آئیں گے۔

<u>کیپیٹل ڈیزائن گرانٹس</u>

Prattsville Art Project (کیپیٹل ریجن)
یہ گرانٹ پراٹسویل آرٹ سینٹر (Prattsville Art Center) کی جائداد پر واقع ایک سیلاب زدہ اور غیر مستعمل کھلیان کو آرٹس و فنون کے اوپن ایئر اسٹوڈیو میں تبدیل کرنے والے ڈیزائن کی تکمیل میں معاونت کرے گی۔

Roberson Museum and Science Center (جنوبی سلسلہ)
یہ گرانٹ رابرسن میوزیم (Roberson Museum) کے مستقبل کی تزئین و آرائش کے منصوبے کے لیے ڈیزائن کے عمل کی تکمیل میں معاونت کرے گی جس سے پائیداری و استحکام بڑھے گا، سہولیات جدید تر ہو جائیں گی، اور نمائشوں اور کلیکشنز کی دیکھ بھال اور حفاظت جیسے امور مزید بہتر بنائے جائیں گے۔

گرانٹ وصول کنندگان کی مکمل فہرست یہاں آن لائن دستیاب ہے۔

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس (Council on the Arts) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Erika Mallin (ایریکا مالِن) نے کہا، "انقلابی تبدیلیاں لانے والے یہ منصوبے اپنی کمیونٹیز کو بہتر بنائیں گے، سیاحت میں اضافہ کریں گے، رسائی کو وسعت دیں گے، روزگار کے مواقع پیدا کریں گے، اور آرٹس اور ثقافت کے عالمی مرکز کے طور پر نیو یارک کی پوزیشن کو مزید مضبوط کریں گے۔ اس اہم پروگرام کے لیے گورنر اور مقننہ کی مسلسل حمایت کی بدولت ہم اپنے مشہور و معروف تخلیقی شعبے کے لیے ایک ترقی پزیر مستقبل کی تعمیر کر رہے ہیں، کیونکہ وہ ہماری پوری ریاست میں فنون و ثقافت کے ایسے فوائد فراہم کرتے رہتے ہیں جو یقیناً قابل ستائش اور تعریف کے لائق ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Jose Serrano (جوز سیرانو) نے کہا، "فنون و ثقافت کا شعبہ ریاست نیو یارک کی روح بھی ہے اور ہماری معیشت کے لیے انتہائی اہم بھی، اور یہ شعبہ نئی ملازمتوں کی تخلیق، ثقافتی افزودگی، اور کمیونٹیز میں معاشی ترقی جیسے امور میں بھی بہت ہاتھ بٹاتا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ گورنر Hochul (ہوکل) اور حکومت میں

شامل میرے ساتھی یہ اہم سرمایہ کاری کر رہے ہیں، اور میں NYSCA کو آج کے اعلان اور ریاست نیو یارک میں فنون لطیفہ کی حمایت و معاونت کے مسلسل عزم مصمم پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"

اسمبلی ممبر Ron Kim (رون کِم) نے کہا، "کیپیٹل پراجیکٹس دراصل ہماری صحت اور خوشحالی میں اہم سرمایہ کاریاں ہوتی ہیں: یہ نئی ملازمتیں پیدا کرتے ہیں، ہماری کمیونٹیز کو ترقی دیتے ہیں، اور ہمارے رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے ایک مضبوط و محفوظ نیو یارک کی تعمیر کرتے ہیں۔ سبھی گرانٹ وصول کنندگان کو مبارکباد: ہم ان منصوبوں کو اپنی اس عظیم ریاست میں پیشرفت کرتے اور پھلتے پھیلتے ہوئے دیکھنے کے منتظر ہیں۔"

جب سنہ 2018 میں NYSCA Capital Projects Fund شروع ہوا تھا،تب سے اس ایجنسی نے گورنر اور مقننہ کے تعاون سے ریاست کے تمام 10 علاقوں میں 607 مالی گرانٹس ایوارڈ دی ہیں جن کی مجموعی مالیت $300 ملین بنتی ہے۔ یہ پروجیکٹس ملازمتیں فراہم کرنے کی گنجائش میں اضافہ کرتے ہیں اور ثقافتی مقامات کو سیاحتی مقامات کے طور پر آگے بڑھاتے ہوئے انہیں نیویارک کی مہمان نوازی، کھانوں اور مشروبات، اور ریٹیل کے شعبوں کو تقویت دینے کا ذریعہ بناتے ہیں۔ کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ کے علاوہ، NYSCA نے مالی سال 2025 کے لیے تقریباً 1500 آرٹس تنظیموں اور 500 سے زیادہ انفرادی فنکاروں کو $62 ملین کی غیر سرمایہ کارانہ گرانٹس سے بھی نوازا ہے۔

گورنر Hochul نے فنون اور ثقافتی شعبے کو ترقی دینے کے لیے نیو یارک کی پورے ملک میں مشہور ریکارڈ سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئی ہے۔ مالی سال 2026 کے نافذ کردہ بجٹ میں بغیر منافع کام کرنے والی تنظیموں اور انفرادی فنکاروں کے لیے NYSCA کی جانب سے عمومی آپریٹنگ معاونت کے لیے $81 ملین سے زیادہ، اور NYSCA کو $10,000 سے $10 ملین تک کے حجم والے تمام منصوبوں کے لیے گرانٹس کا ایک اضافی دور پیش کرنے کی استعداد مہیا کرنے کے لیے مزید $80 ملین کی کیپیٹل فنڈنگ بھی شامل کی گئی ہے۔

ریاست نیویارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف
ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کا مشن یہ ہے کہ ریاست نیویارک کے فنون لطیفہ، ثقافت، اور تخلیقی صلاحیتوں کی مکمل وسعت کو فروغ دیا جائے اور اسے سب کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔ پوری ریاست نیو یارک میں فنون لطیفہ کی بحالی کے مسلسل جاری عمل میں معاونت کے لیے کونسل برائے آرٹس (Council on the Arts) مالی سال 2026 کے دوران $161 ملین دے گی جنکے ذریعے ریاست کے تمام 10 خطوں میں فنون لطیفہ سے متعلقہ سینکڑوں تنظیموں اور فنکاروں کی خدمت کی جائے گی۔ کونسل برائے آرٹس فیلڈ میں رہنماؤں کو بلا کر اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیویارک کی تخلیقی فضا کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller کی جانب سے سنہ 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul اور ریاست نیو یارک کی مجلس قانون ساز کے تعاون سے جاری رکھی گئی، کونسل ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ کرم www.arts.ny.gov ملاحظہ کریں، اور NYSCA کو Facebook صفحے، X پر NYSCArts@، اور Instagram کے NYSCouncilontheArts@ پر فالو کریں۔

###